© rasailojaraid.com

رہائشی آبادیوں میں گلیوں اور سڑکوں کی تعمیر و مرمت، بجلی و گیس اور ٹیلی فون کی فراہمی، نیز ٹیوب لائٹوں کی تنصیب کے کام مکمل ہوجائیں گے۔ قومی اسمبلی کے رکن اور اقلیتی اُمور کے سابق وزیر ڈاکٹر روفن جولیس نے فرانسس آباد میں ۷۵ لاکھ روپے کی لاگت سے اہالیانِ علاقہ کو سوئی گیس کی فراہمی کے منصوبے کے افتتاح کے موقع پر تقریب کے دوران میں اِن خیالات کا اظہار کیا۔ (پندرہ روزہ شاداب، لاہور- ۱۶ تا ۳۱ اگست ۱۹۹۵ء)

## یورپ

### اسپین: شمالی افریقہ کے "مہمان مزدوروں" سے تبشیری رابطہ

Pulse نے اطلاع دی ہے کہ گزشتہ سال جولائی اور اگست میں جنوبی یورپ میں کام کرنے والے شمالی افریقہ کے مسلمانوں تک بائبل کا پیغام پہنچانے کے لیے ۴۰ سے زائد ایونجلیکل گروہوں نے مشترکہ پروگرام میں حصّہ لیا۔ جولائی - اگست میں بالعموم لوگ تعطیلات مناتے ہیں اور شمالی افریقہ کے مہمان مزدور اپنے عزیزوں سے ملنے وطن جاتے ہیں۔ جنوبی یورپ کے مختلف شہروں سے یہ لوگ پہلے جنوبی اسپین کے ساحلی شہروں تک آتے ہیں اور وہاں سے سمندر عبور کرتے ہوئے اپنے ممالک میں داخل ہوتے ہیں۔ ایونجلیکل گروہوں نے تین ساحلی شہروں میں اِن مسلمانوں میں مسیحی لٹریچر تقسیم کیا۔ "عہد نامۂ جدید" کے ایک لاکھ سے زائد نسخے ان مسلمانوں کو دیے گئے۔ بربری اور عربی زبانوں میں "حضرت عیسیٰ" پر بنائی گئی فلم کے ریڈیو کیسٹ بھی تقسیم کیے گئے۔

آرلنگٹن (ٹیکساس - ریاست ہائے متحدہ امریکہ) کی "بپٹسٹ" ٹیم کے رابطہ کار جناب رابرٹس نے بتایا کہ اگرچہ آغاز میں لوگوں میں دُوری پائی جاتی تھی مگر "جب تم اُن کے ساتھ چلتے ہو اُنہیں کسی قدر جان لیتے ہو تو پُرجوش اور کشادہ دِل ثابت ہوتے ہیں۔" "عرب ورلڈ منسٹریز" کے جناب ولیم سال نے کہا کہ مسلمانوں سے اس طرح رسائی گزشتہ بیس سال سے جاری ہے اور یہ "رسائی" مراکشی مزدوروں میں انجیل سے آگاہی پیدا کرنے کا بے مثال موقع فراہم کرتی ہے۔





© rasailojaraid.com